Maulana Azad National Urdu University

M.A. : Islamic Studies, IV Semester Examination - May - 2018

Paper - MAIS402CCT : Non Muslims Contributions to Islamic Studies

پرچہ : اسلامی مطالعات میں غیر مسلموں کی خدمات

Marks : 70 **Time : 3 hrs**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہ پُر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔
ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔
ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔
ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال:1

(i) تحریک استشراق کا آغاز کہاں سے ہوا؟

(a) جرمنی سے (b) اسپین وسسلی سے (c) ہالینڈ سے (d) بغداد سے

(ii) استشراق کے بنیادی مراکز میں کون سا ملک شامل نہیں ہے؟

(a) آسٹریلیا (b) فرانس (c) برطانیہ (d) جرمنی

(iii) جارج سیل نے قرآن کا ترجمہ کس زبان میں کیا؟

(a) ڈچ (b) فرنچ (c) انگریزی (d) لاطینی

(iv) ان میں سے کس مستشرق نے اسپین میں تعلیم حاصل کی؟

(a) Edward Syed (b) Peter the Venerable

(c) Gustav Well (d) Robinson

(v) 'The Origin of Islamic Jurisprudence' کس کی تصنیف ہے؟

(a) جوزف شاخت (b) گولڈ زیہر (c) گستاؤ ویل (d) نکلسن

(vi) تحریک استشراق کے آغاز کی کیا وجہ رہی؟

(a) اسلام میں دلچسپی (b) محمد ﷺ سے متاثر ہونا

(c) مسلمانوں میں فکری انتشار پیدا کرنا (d) عیسائیت کی تبلیغ کرنا

(vii) کتاب 'اسلامیات' کے مصنف کون ہیں؟

(a) مالک رام (b) دلورام کوثری (c) مہاتما گاندھی (d) جگن ناتھ آزاد

(viii) 'مطبع نول کشور' کہاں واقع ہے؟

(a) دہلی (b) الہ آباد (c) ممبئی (d) لکھنؤ

(ix) منشی سجان رائے بٹالوی کی تصنیف کا نام کیا ہے؟

(a) خلاصۃ التواریخ (b) بدائع وقائع (c) تاریخ پرگنات (d) تذکرہ الکاملین

(x) قرآن کا سب سے پہلا ترجمہ کس زبان میں کیا گیا؟

(a) یونانی (b) لاطینی (c) جرمنی (d) اسپینی

حصہ دوم

2۔ تصوف کے میدان میں مستشرقین کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

3۔ تحریک استشراق کا تعارف کرائیے اور اس کے ارتقائی مراحل پر روشنی ڈالیے۔

4۔ حدیث اور علوم حدیث میں مستشرقین کی خدمات پر تبصرہ کیجیے۔

5۔ مستشرقین کی غلط فہمیوں کی کیا وجوہات رہیں؟ مثالوں سے واضح کیجیے۔

6۔ اسلامی کتب کی اشاعت میں ہندوستانی غیر مسلمانوں کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

7۔ ترجمہ قرآن کے میدان میں مستشرقین کے کاموں کا جائزہ لیجیے۔

8۔ اسلامی علوم کے مختلف میدانوں میں ہندوستانی غیر مسلموں کی خدمات بیان کیجیے۔

9۔ مستشرقین کو ان کے کاموں کے اعتبار سے آپ کن اصناف میں تقسیم کر سکتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ اسلام کی مذہبی اور تاریخی تصنیفات پر ہندو مصنفین کے کاموں کی بابت تفصیلی مضمون قلمبند کیجیے۔

11۔ قرآنی علوم میں مستشرقین کے کاموں سے بحث کیجیے۔

12۔ اسلامی علوم میں مستشرقین کی غلطیوں کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

13۔ تحریک استشراق کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالیے۔

14۔ تحریک استشراق نے اسلامی علوم اور مسلم دنیا پر اپنے کیا اثرات مرتب کیے؟ موجودہ دور میں اس پر کام کی ضرورت کو واضح کیجیے۔

☆ ☆ ☆